Haleon Pakistan Limited

نوٹس برائے دسواں سالانہ اجلاس عام 2024

ممبرز کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ Haleon Pakistan Limited (''کمپنی'') کا دسواں سالانہ اجلاس عام پنج لگژری ہوٹل، کراچی پراوور چوئلی 20 مارچ 2025 بروز جمعرات 10:00 بجے درج ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جائے گا۔

عمومی امور:

A. 26 اپریل 2024 کو منعقد ہونے والے نواں سالانہ اجلاس عام کے منٹس کی تصدیق کرنا۔

B. کمپنی کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس بمعہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹ برائے سال مختتمہ 31 دسمبر 2024 کی وصولی، غور وخوض اور منظوری دینا۔#

C. کمپنی کے عمومی شیئرز پر ڈیوڈنڈ پر غور وخوض، منظوری اور اس کا اعلان کرنا۔ ڈائریکٹرز نے 31 دسمبر 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لئے، 150 فیصد (10 روپے مالیت کے ہر شیئر پر 15.00 روپے فی عمومی شیئر) کا حتمی کیش ڈیوڈنڈ دینے کی تجویز پیش کی ہے۔

D. آئندہ سال کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے بورڈ آڈٹ کمیٹی کی تجویز پر، KPMG Taseer Hadi & Co. کی 31 دسمبر 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈیٹرز کے طور پر تقرری کی تجویز پیش کی ہے۔

E. کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159 کی پروویژن کے مطابق بورڈ کی جانب سے مقرر کردہ سات (7) ڈائریکٹرز کا، کمپنی کے دسواں سالانہ اجلاس عام کے اختتام سے تین (3) سال تک کی مدت کے لئے انتخاب کرنا۔ کمپنی کے ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام، جو خود کو دوبارہ انتخاب کے لئے پیش کرنے کے اہل ہیں، درج ذیل ہیں۔

1) جناب ایم زید معین مہاجر*	2) سید انور محمود*
3) محترمہ عائشہ عزیز	4) جناب فرحان محمد ہارون
5) جناب دلاور میگھانی	6) جناب اسامہ عباس
7) محترمہ سمرا طالے بیسیلی	

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166 (3) کے تحت درکار اسٹیٹمنٹ آف میٹریل فیکٹس، اس نوٹس کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے۔

دیگر کوئی امور:

F. چیئرمن کی اجازت سے دیگر کوئی امور انجام دینا۔

کمپنی کے فائنانشل اسٹیٹمنٹس، کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیے گئے ہیں جن تک نوٹ نمبر 9 میں دیئے گئے ویب لنک اور کیو آر فعال کوڈ کے ذریعے رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

بحکم بورڈ

محترمہ مشعل محمد
کمپنی سیکریٹری

کراچی
27 فروری 2025ء

نوٹس

1 ورچوئل/فزیکل سالانہ اجلاس عام اور حاضری کیمرہ ووٹ کول

a) کمپنیز ریگولیشن 2024 کی ریگولیشن 56 کے مطابق سالانہ اجلاس عام کی کارروائی فزیکلی اور ورچوئلی دونوں طریقوں سے کی جائے گی۔ سالانہ اجلاس عام سے متعلق کسی بھی نئی معلومات کا اعلان کمپنی کی ویب سائٹ (www.haleon.pk) اور PUCARS پر، جس کا بھی اطلاق ہوتا ہو، کیا جائے گا۔

b) سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے والے شیئر ہولڈرز لازمی طور پر اپنے ارادے کے حوالیسے 19 مارچ 2025 کو کاروباری اوقات ختم ہونے سے پہلے رجسٹر کروائیں۔ ورچوئل طور پر شرکت کے خواہشمند ممبرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے نام، فولیو نمبر قومی شناختی کارڈ نمبر اور اپنے قومی شناختی کارڈ کی اسکین شدہ کاپی (سامنے اور پیچھے کی طرف سے) ممبرز کے لیے کمپنی کے ای میل ایڈریس pakistan.shareinfo@haleon.com پر ای میل کریں اور ضروری تصدیق کے بعد انہیں اے جی ایم تک رسائی کے لیے لنک ای میل کر دیا جائے گا۔

c) برائے مہربانی نوٹ فرمالیجئے کہ ورچوئل طور پر شرکت کرنے والے ارکان ڈائریکٹرز کو دیکھ سکیں گے اور اے جی ایم کی براہ راست کارروائی سن سکیں گے، لیکن انہیں mute پر رکھا جائے گا، تاکہ رابطے میں کسی بھی رکاوٹ سے بچا جاسکے۔

d) اے جی ایم میں شرکت کرنے والے ارکان اجلاس سے قبل اپنے متعلقہ سوالات/کمنٹس/تجاویز، اپنے نام اور فولیو نمبر (وں) کے ساتھ pakistan.shareinfo@haleon.com پر ارسال کرسکتے ہیں یا اجلاس کے دوران سوال وجواب کے لیے مختص کردہ چیٹ باکس میں جمع کرواسکتے ہیں۔

2 کتابوں کی بندش

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 13 مارچ 2025 سے 20 مارچ 2025 تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ کمپنی کے رجسٹرار سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-B بلاک بی، S.M.C.H.S، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74000 کے دفتر میں 12 مارچ 2025 کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والی درخواستیں سالانہ اجلاس عام میں شرکت کی غرض سے بروقت اور قابل اطلاق تصور کی جائیں گی۔

3 ڈائریکٹرز کا انتخاب

a) کوئی بھی ممبر جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہے، وہ مذکورہ بالا اجلاس سے چودہ (14) دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 159 (3) کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے خود کو پیش کرنے کا ارادہ فائل کرنے کے لئے ایک کینڈگری کا انتخاب کرے گا، بمعہ:

- باقاعدہ پُر کیا گیا اور دستخط شدہ فارم 9 کا ضمیمہ پرایکٹ کی دفعہ 167 (1) کے تحت ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی۔
- لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر کی حیثیت سے کام کرنے کی اہلیت اور ایکٹ کے تحت ڈائریکٹرز کے فرائض اور اختیارات، کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، پاکستان اسٹاک ایکس چینج کی رول بک اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019، اور دیگر متعلقہ قوانین اور ضوابط کے بارے میں آگاہی کا اقرار نامہ (ڈکلریشن)۔
- کمپنی کی ویب سائٹ پر فراہم کرنے کے لیے دفتر کے پتے کے ساتھ تفصیلی پروفائل۔
- دیگر ڈائریکٹرشپ اور وفاتر کی تفصیلات۔
- مؤثر شناختی کارڈ کی کاپی (پاکستانی شہری ہونے کی صورت میں)/ پاسپورٹ (غیر ملکی شہری ہونے کی صورت میں) اور این ٹی این اور فولیو نمبر/سی ڈی سی انویسٹرز اکاؤنٹ نمبر/سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ نمبر (پہلی بار رضامندی داخل کرنے والے شخص کے لئے لاگو ہے)۔

b) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 (جیسا کہ ترمیم کی گئی ہے) کے تحت، کمپنی کے ڈائریکٹرز کے انتخاب کی غرض سے ووٹنگ نشستوں کی مخصوص تعداد کے لئے مندرجہ ذیل تین (3) کینڈگریز میں الگ الگ کی جائے گی:

نمبر شمار	کینڈگری	سیٹوں کی تعداد
1	آزاد (انڈیپنڈنٹ)	3
2	خاتون	1
3	دیگر	3
	کل تعداد	**7**

c) انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کو، ایکٹ کی دفعہ 166 (2) او کمپنیز (انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کا انتخاب اور طریقہ کار) ریگولیشنز، 2018 میں طے شدہ معیار پر پورا اترنا چاہیے اور ان کا نام پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (پی آئی سی جی) کے زیر انتظام انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک میں شامل ہونا چاہیے۔ اس کے مطابق، انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر (ز) کے طور پر ڈائریکٹرز کا انتخاب میں حصہ لینے کا ارادہ رکھنے والے امیدوار (وں) کو مندرجہ ذیل اضافی دستاویزات بھی جمع کروانے ہوں گے:

- لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے تحت درکار، ایکٹ کی دفعہ 166 (2) کے تحت خود مختاری کا اعلان (صرف کمپنی کے انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کے لئے رضامندی داخل کرنے والے شخص کے لئے لاگو ہے)۔
- کمپنی کی ویب سائٹ پر فراہم کرنے کے لئے دفتر کے پتے کے ساتھ تفصیلی پروفائل۔
- دیگر ڈائریکٹرشپ اور وفاتر کی تفصیلات۔
- مؤثر شناختی کارڈ کی کاپی (پاکستانی شہری ہونے کی صورت میں)/ پاسپورٹ (غیر ملکی شہری ہونے کی صورت میں) اور این ٹی این اور فولیو نمبر/سی ڈی سی انویسٹرز اکاؤنٹ نمبر/سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ نمبر (پہلی بار رضامندی داخل کرنے والے فرد پر لاگو ہے)۔

4 پراکسیز کا تقرر

اے جی ایم میں شرکت اور ووٹ دینے کے حقدار ارکان اپنی طرف سے سالانہ اجلاس عام میں شرکت، اظہار خیال اور ووٹ دینے کے لئے کسی دوسرے رکن کو اپنے پراکسی کے طور پر مقرر کرسکتے ہیں۔ پراکسی کی تعیناتی کا دستاویزی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-B، بلاک بی، S.M.C.H.S، مین شاہراہ فیصل، کراچی میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر میں سالانہ اجلاس عام کے وقت سے اڑتالیس (48) گھنٹے قبل جمع کرانا ضروری ہے۔ ممبر کے شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی، پراکسی فارم کے ساتھ منسلک ہونا ضروری ہے۔ برائے مہربانی مزید معلومات کے لئے ایکٹ کی دفعہ 137 ملاحظہ کریں۔ فزیکل شیئرز کے حامل ممبرز کو اپنا اصل شناختی کارڈ اور/یا ان ممبرز کے شناختی کارڈ کی کاپی ہمراہ لانی ہوگی جن کے لیے وہ پراکسی نامزد کیے گئے ہیں۔ ایسے ممبرز کو اس طرح کے شناختی کارڈ کے بغیر سالانہ اجلاس عام میں ممبرز کے رجسٹر میں شرکت اور/یا دستخط کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ (www.haleon.pk) پر دستیاب ہے۔

5 سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے بیان کردہ مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

A سالانہ اجلاس عام میں شرکت

- افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ شخص جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں، اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قابل اطلاق قواعد وضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی جاتی ہیں اور اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کریں۔
- کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی کو نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ اجلاس کے وقت پیش کیا جائے گا (بشرطیکہ یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

B پراکسیز کا تقرر

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ شخص جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، مندرجہ بالا ضرورت کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔

(ii) پراکسی فارم کی تصدیق دو گواہان کریں گے جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

(iii) پراکسی فارم کے ہمراہ بینیفشل اونرز اور پراکسی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں فراہم کی جائیں گی۔

(iv) پراکسی کو اے جی ایم کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(v) کسی کارپوریٹ ادارے کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی دستخط کے نمونے کے ساتھ کمپنی کو پیش کیا جائے گا (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.haleon.pk پر دستیاب ہے۔

6 شناختی کارڈ/این ٹی این کی کاپی جمع کروانا-الیکٹرانک ڈیوڈنڈ (لازمی)

a) ایس ای سی پی کے 5 جولائی 2012 کے SRO 831(1) / 2012 کے مطابق، جسے 10 جنوری 2014 کے SRO 19(1) / 2014 کے ساتھ پڑھا جائے، اور دیگر متعلقہ قواعد کے مطابق الیکٹرونک ڈیوڈنڈ وارنٹ میں رجسٹرڈ شیئر ہولڈر یا مجاز شخص کا شناختی کارڈ نمبر بھی ہونا چاہیے ماسوائے نابالغ اور کارپوریٹ ممبرز کے۔

b) مزید براں کمپنیز (ڈسٹری بوشن آف ڈیوڈنڈ) ریگولیشنز، 2017 کے ریگولیشن نمبر 4 اور 6 کے مطابق، 18 اپریل 2018 کے SRO 485(1) 2018 اور 2020 / 441(1) SRO تاریخ 14 مئی 2020 کے تحت ترمیم کے ساتھ، کمپنی ممبران کو شناختی نمبر (سی این آئی سی یا این ٹی این) کی عدم دستیابی کی صورت میں ڈیوڈنڈ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگی۔

c) اس کے مطابق جن ممبرز نے ابھی تک اپنے مؤثر شناختی کارڈ یا این ٹی این سرٹیفکیٹ کی کاپی جمع نہیں کرائی ہے، ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اسے فوری طور پر سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-B، بلاک بی، S.M.C.H.S، مین شاہراہ فیصل، کراچی میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع کرائیں۔ کارپوریٹ اداروں سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ مجاز نمائندے کے شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ اپنا این ٹی این اور فولیو نمبر فراہم کریں۔

7 الیکٹرانک ذریعے سے ڈیوڈنڈ کی ادائیگی (لازمی)

a) ایس ای سی پی کے یکم اگست 2017 کے سرکلر نمبر 18 او کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیوڈنڈ) ریگولیشنز 2017 اور ایکٹ کی دفعہ 242 میں ڈیوڈنڈ کی تقسیم سے متعلق دی گئی ہدایات کے مطابق تمام لسٹڈ کمپنیز کے لیے ضروری ہے کہ اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ یکم نومبر 2017 سے ڈیوڈنڈ صرف الیکٹرانک طریقے سے ادا کیا جائے گا۔ لہٰذا ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بینک مینڈیٹ کی تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں، جس میں (i) اکاؤنٹ ٹائٹل، (ii) اکاؤنٹ نمبر، (iii) آئی بی اے این نمبر (4) بنک کا نام اور (v) برانچ کا نام، کوڈ اور پتہ اور (vi) موبائل نمبر درج ہوں۔ وہ ممبرز جو شرکاء/سنٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان (سی ڈی سی) کے پاس شیئرز کے حامل ہیں انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے متعلقہ شرکت کنندہ/سی ڈی سی کو یہ فراہم کریں۔

b) برائے مہربانی نوٹ فرمالیجئے کہ ایکٹ کی دفعہ 243 (3) کے مطابق، اگر ممبرز کی طرف سے مطلوبہ معلومات فراہم نہیں کی جاتی ہیں تو کمپنی ڈیوڈنڈ کی ادائیگی روکنے کی حقدار ہے۔

c) ممبرز کی سہولت کے لئے کمپنی کا ای ڈیوڈنڈ مینڈیٹ فارم کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.haleon.pk پر دستیاب ہے۔

8 ڈیوڈنڈ پر ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی

a) جن ممبرز کے نام ایکٹیو ٹیکس دہندگان کی فہرست (اے ٹی ایل) میں شامل نہیں ہیں انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ انہیں ایکٹو بنانے کے لئے فوری طور پر ضروری انتظامات کریں۔ بصورت دیگر ان کے ڈیوڈنڈ پر قابل اطلاق قانون کے مطابق ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔

b) مزید یہ کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) سے موصول ہونے والی وضاحت کے مطابق جوائنٹ اکاؤنٹس کی صورت میں پرنسپل شیئر ہولڈرز اور جوائنٹ ہولڈرز کے ایکٹو/نان ایکٹو اسٹیٹس پر وہ ہولڈنگ ٹیکس کا تعین ان کے شیئر ہولڈنگ تناسب کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

c) اس سلسلے میں جوائنٹ ممبرز کے ساتھ شیئرز رکھنے والے تمام ممبرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر (ز) کے شیئرز کا تناسب درج ذیل طریقے سے فراہم کریں:

فولیو/CDS اکاؤنٹ نمبر	کل شیئر	پرنسپل شیئر ہولڈر		جوائنٹ شیئر ہولڈر	
		نام اور قومی شناختی کارڈ نمبر	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)	نام اور قومی شناختی کارڈ نمبر	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)

I. 12 مارچ 2025 کو کاروباری اوقات ختم ہونے سے پہلے مطلوبہ معلومات شیئر رجسٹرار تک پہنچنا ضروری ہے۔ بصورت دیگر، یہ تصور کر لیا جائے گا کہ پرنسپل اور جوائنٹ ہولڈر (ز) کے پاس شیئرز کی تعداد یکساں ہے اور اسی کے مطابق ٹیکس کٹوتی کی جائے گی۔

II. لہٰذا ممبرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کا شناختی کارڈ/ پاسپورٹ نمبر شرکت کنندہ/ انویسٹرز اکاؤنٹ سروسز یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے ذریعہ ریکارڈ کیا گیا ہے (فزیکل شیئرز کی صورت میں)۔

III. سی ڈی سی اکاؤنٹس رکھنے والے کارپوریٹ ممبرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے این ٹی این کو اپنے متعلقہ شرکت کنندگان کے ساتھ اپ ڈیٹ کریں۔ کارپوریٹ فزیکل ممبرز کو اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو بھیجنی چاہئے۔ این ٹی این یا این ٹی این سرٹیفکیٹ بھیجتے وقت تمام ممبرز کو اپنی کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبرز، جیسی بھی صورت ہو، واضح کرنے ہوں گے۔

IV. ڈیوڈنڈ آمدنی سے ودہولڈنگ ٹیکس استثنیٰ کی اجازت صرف اسی صورت میں دی جائے گی جب 12 مارچ 2025 تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو درست ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ کی کاپی فراہم کر دی گئی ہو۔

9 سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی سرکولیشن

ایکٹ کی دفعہ 223 (6) اور ایس ای سی پی کے 21 مارچ 2023 کے SRO 389(1) / 2023 کی ہدایات کے مطابق اور 26 اپریل 2024 کو منعقد ہونے والے کمپنی کے نواں سالانہ اجلاس عام میں اراکین کی منظوری کے بعد، کمپنی کے فائنانشل اسٹیٹمنٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیے جاتے ہیں جن تک ذیل میں فراہم کردہ ویب لنک اور کیو آر ایبلڈ کوڈ کے ذریعے رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔ سالانہ رپورٹ ان ممبرز کو ای میل کے ذریعے بھی تقسیم کی جاسکتی ہے جن کے ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے ریکارڈ/ ڈیٹا میں موجود ہیں۔ تاہم، وہ ممبرز جنہیں سالانہ رپورٹ الیکٹرانک فارمیٹ میں بذریعہ ہٰذا اس کی پرنٹ شدہ کاپی درکار ہو وہ سالانہ رپورٹ میں، اور کمپنی کی ویب سائٹ www.haleon.pk پر فراہم کردہ اسٹینڈرڈ درخواست فارم کا استعمال کرتے ہوئے درخواست بھیج سکتے ہیں۔ ہارڈ کاپیاں مفت فراہم کی جائیں گی۔

https://haleon.pk/en/investors/annual-reports/

10 پوسٹل بیلٹ/ای ووٹنگ

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018، جسے 5 دسمبر 2022 کے ایس ای سی پی 2022 / 2192(I) SRO ساتھ پڑھا جائے، کے ذریعے ایس ای سی پی نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ تمام کاروباری اداروں کے ممبرز کو خصوصی بزنس کے طور پر اور ڈائریکٹرز کے انتخاب کی صورت میں، الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت یا ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کا حق فراہم کریں، بشرطیکہ اگر اپنے انتخاب کی پیش کش کرنے والے افراد کی تعداد ایکٹ کی دفعہ 159 (1) کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو۔ اس کے مطابق، کمپنی کے ممبرز کو الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت کے ذریعے یا بذریعہ ڈاک ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے، ضرورت کے مطابق اور مذکورہ بالا قانون میں بیان کردہ شرائط کے تحت، اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

11 فزیکل شیئرز کی تبدیلی

ایکٹ کی دفعہ 72 کے مطابق، ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی کو اپنے فزیکل شیئرز کو، ایس ای سی پی کی جانب سے نوٹیفائی کی گئی تاریخ سے اور جیسا کہ وضاحت کی گئی ہو، ایکٹ کے نفاذ یعنی 30 مئی 2017ء سے چار (4) سال کی مدت کے اندر بک انٹری فارم سے تبدیل کرنے کی ضرورت ہوگی۔ فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے ممبرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکر کے ساتھ سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ اور/یا براہ راست سی ڈی سی کے ساتھ انویسٹرز اکاؤنٹ کھولیں تاکہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو سکرپ لیس فارم میں رکھ سکیں۔ یہ کئی طریقوں سے فائدہ مند ہے، بشمول کسی بھی وقت محفوظ کسٹڈی اور شیئرز کی فروخت، کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ قواعد وضوابط کے مطابق فزیکل شیئرز کو ٹریڈ ہیڈنگ کی اجازت نہیں ہے۔

12 پتے کی تبدیلی اور زکوٰۃ کا اسٹیٹس

ممبرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پوسٹل ایڈریس یا ای میل ایڈریس میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔ فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے ممبرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر ان پر اس کا اطلاق ہوتا ہو، تو زکوٰۃ کی عدم کٹوتی کا فارم جمع کرائیں۔ مزید یہ کہ سی ڈی سی کے ذریعے اپنے شیئرز رکھنے والے ممبرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شرکت کنندگان کو اپ ڈیٹ کریں۔

13 غیر کلیم شدہ ڈیوڈنڈز/شیئر سرٹیفکیٹس

کمپنی اس سے قبل کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 244 کے تحت اپنی ذمہ داری ادا کر چکی ہے، جس کے تحت کمپنی نے قانون کے مطابق اپنے غیر کلیم شدہ ڈیوڈنڈز کا دعویٰ کرنے کے لیے ممبرز سے رابطہ کیا تھا۔ وہ ممبرز، جن کے ڈیوڈنڈ/شیئر سرٹیفکیٹ ابھی تک غیر کلیم شدہ ہیں، ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے آؤٹ اسٹینڈنگ ڈیوڈنڈز کی رقم اور/یا غیر تقسیم شدہ شیئر سرٹیفکیٹس کلیم کرنے کے لیے کمپنی سے رابطہ کریں۔

14 سالانہ اجلاس عام کے دوران قانونی ضابطہ اخلاق

ایکٹ کے سیکشن 215 او کمپنیز ریگولیشنز، 2024 کی ریگولیشن 55 ممبرز کے لیے ضابطہ اخلاق بیان کرتے ہیں، جس کے مطابق: ممبرز کو ایسے فیصلوں کے حوالے سے اثر انداز ہونے یا براہ راست انتظامیہ سے رابطہ کرنے کی اجازت نہیں ہے جو مینجمنٹ کے بلاتعطیل کام میں رکاوٹیں پیدا کر سکتے ہوں۔ قانون میں بیان کیا گیا ہے کہ ممبرز کو ایسا کوئی بھی مواد لانے کی اجازت نہیں ہوگی جس سے شرکا میں اس احاطے کو جہاں اے جی ایم کا انعقاد کیا جا رہا ہے، خطرہ لاحق ہو، وہ خود کو اے جی ایم کے نوٹس میں شامل ایجنڈا آئٹمز تک محدود رکھیں گے اور اپنے آپ کو کسی بھی ایسے انداز سے پیش نہیں کریں گے جو ان کی سیاسی وابستگی ظاہر کرتا ہو۔ مزید یہ کہ ایکٹ کی دفعہ 185 کے مطابق کمپنی کو اپنے اجلاسوں کے دوران اپنے ممبرز کو کسی بھی شکل میں تحائف تقسیم کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 166 (3) کے تحت مادی حقائق کی اسٹیٹمنٹ

ایجنڈا آئٹم (E)

I. ایکٹ کی دفعہ 166 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کی غرض سے بلائے گئے عام اجلاس کے نوٹس کے ساتھ مادی حقائق کی اسٹیٹمنٹ منسلک ہونا ضروری ہے۔ لسٹڈ کمپنیوں (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے مطابق Haleon Pakistan Limited کے لیے اپنے بورڈ میں دو (2) یا ایک تہائی (1/3) جو بھی زیادہ ہو، انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز اور کم از کم ایک (1) خاتون ڈائریکٹر شامل کرنا ضروری ہے۔ کمپنی اس بات کو یقینی بنائے گی کہ کم از کم دو (2) یا ایک تہائی (1/3) جو بھی زیادہ ہو، انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز اور کم از کم ایک (1) خاتون ڈائریکٹر کا انتخاب ایکٹ کی دفعہ 159 میں بیان کردہ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے طریقہ کار اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 (ترمیم کے مطابق) کی قابل اطلاق دفعات کے مطابق کیا جائے گا۔

II. امیدواروں کے اپنی متعلقہ کیٹگری (انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر، خاتون یا دیگر) میں انتخابات میں حصہ لینے کا نوٹس/ ارادہ داخل کرنے کے بعد، کمپنی انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کے طور پر امیدوار کے انتخاب کے لئے مندرجہ ذیل تشخیصی معیار کا اطلاق کرے گی۔

- پی آئی سی جی کے زیر انتظام ڈیٹا میں ان کی شمولیت کو یقینی بنایا جائے گا۔
- امیدواروں کی موزوں قابلیت، تنوع، مہارت، علم اور تجربے کا جائزہ لیا جائے گا۔
- کمپنی پی آئی سی جی ڈیٹا بینک سے کسی شخص کا انتخاب کرنے سے پہلے اپنی جانچ پڑتال کرے گی کہ امیدوار کمپنیز ایکٹ 2017 کے سکشن 166 (2) میں بیان کردہ خود مختاری کے معیار پر پورا اترتا ہے۔

III. کسی بھی ڈائریکٹر کی کمپنی کے مذکورہ بالا کاروبار میں کوئی براہ راست یا بالواسطہ دلچسپی نہیں ہے، سوائے کمپنی کے ممبرز کی حیثیت سے اور وہ اس کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے رضامندی ظاہر کر سکتے ہیں۔

** بورڈ کے موجودہ انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز میں سے دو (2) یعنی جناب ایم زید معین مہاجر اور سید انور محمود کمپنی کے ڈائریکٹرز کی حیثیت سے اپنی تیسری (3rd) مدت مکمل کر چکے ہیں اور اس وجہ سے وہ آئندہ انتخابات میں انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کی حیثیت سے حصہ لینے کے اہل نہیں ہیں۔